# آؤٹ ڈور ڈائننگ کے ہیٹنگ سسٹمز

زیادہ سرد مہینوں کے دوران، آؤٹ ڈور ڈائننگ کے دوران صارفین کو آرام دہ رکھنا ایک چیلینج بن سکتا ہے۔ اس سلسلہ میں مدد کے لیے، سائیڈ واک اور سڑک کنارے ڈائننگ کے لیے سٹی کا اوپن ریسٹورینٹس پروگرام (Open Restaurants Program) کھان پان کے کاروباروں کو آؤٹ ڈور ہیٹنگ سسٹمز نصب کرنے کا اختیار دیتا ہے۔

NYC ریستوران کے مالکان کو اپنے آؤٹ ڈور ڈائننگ انتظامات کے لیے آؤٹ ڈور ہیٹنگ سسٹمز کی تین مختلف اقسام کے مابین انتخاب کرنے کا اختیار دیتا ہے:

1. برقی ہیٹرز
2. قدرتی گیس کے ہیٹرز
3. پروپین ہیٹرز

ان تین اقسام کے ہیٹنگ سسٹمز میں سے ہر ایک کے اپنے اخراجات، فوائد، اور خصوصی ضوابط ہیں جن پر لازمی طور پر عمل کیا جانا چاہیے۔ آپ کے ذریعہ منتخب کیے جانے والے ہیٹنگ سسٹم سے قطع نظر، آپ کو یہ یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ ہیٹرز ٹھیک طور پر نصب کیے گئے ہیں اور محفوظ طریقے سے استعمال کیے جاتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ہیڑرز کو استعمال کرتے وقت کام کرنے کے لیے لائسنس یافتہ پیشہ ور افراد کی خدمات حاصل کرنا، جہاں ضروری ہو وہاں اجازت نامے حاصل کرنا اور ہیٹرز کو استعمال کرتے وقت مینوفیکچرر کی ہدایات پر عمل کرنا۔ ہیٹر کو اس انداز میں استعمال نہ کرنا جیسا کہ مینوفیکچرر نے چاہا تھا آتش گیری کے سنگین خطرات کا باعث ہو سکتا ہے۔

## برقی ہیٹنگ سسٹمز

ذیل میں درج آسان ہدایت نامہ خاص طور پر کھان پان کے کاروباروں کے ان مالکان کے لیے تیار کیا گیا ہے جو اس بارے میں رہنمائی تلاش کر رہے ہیں کہ آؤٹ ڈور ڈائننگ کے لیے برقی ہیٹنگ سسٹمز کیسے لگائے جائیں۔ ایک مزید مفصل ہدایت نامہ یہاں ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ یاد رکھیں کہ NYC میں، سائیڈ واکس پر اور ان کے علاوہ سڑک کے کناروں پر بھی برقی ہیٹرز کی اجازت ہے۔

**مرحلہ 1 لائسنس یافتہ ماسٹر الیکٹریشین کی خدمات حاصل کریں**

- یہ اہم ترین مرحلہ ہے، اور اسے چھوڑا نہیں جا سکتا۔ اگر آپ آؤٹ ڈور ڈائننگ کے لیے برقی ہیٹنگ سسٹم نصب کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو **لازمی طور پر** ایک لائسنس یافتہ ماسٹر الیکٹریشین کی خدمات حاصل کرنی چاہئیں۔
- آؤٹ ڈور ڈائننگ کے لیے برقی ہیٹرز نصب کرنے کے لیے، عمارت کے موجودہ برقی وائرنگ کے نظام پر کام کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے، نیز باقاعدہ بیرونی آؤٹ لٹس نصب کرنے کے لیے۔ اس کام کے لیے اجازت نامے درکار ہوتے ہیں، جو کہ ایک لائسینس یافتہ ماسٹر الیکٹریشین کے ذریعہ حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ منظور شدہ برقی فائلنگ اور ایک DOB کے کام کے اجازت نامے کے بغیر کوئی برقی کام انجام نہیں دیا جا سکتا۔



- لائسنس یافتہ ماسٹر الیکٹریشین کو، جو محکمہ عمارات (Department of Buildings) کے مطابق اچھی مہارت رکھتے ہوں، اُنہیں تمام متعلقہ ضوابط کا علم ہو گا، اُنہیں معلوم ہو گا کہ درست اجازت نامے کیسے حاصل کرنے ہیں، اور وہ نئے ہیٹنگ سسٹم کے لیے ضروری برقی وائرنگ کا کام انجام دے سکیں گے۔
- آپ محکمے کی عمارتوں کے معلوماتی نظام (Department's Buildings Information System) (BIS) کی ویب سائٹ ملاحظہ کر کے NYC میں الیکٹریشینز کے لائسنس کی حالت کی پڑتال کر سکتے ہیں۔
- نیویارک شہر میں بجلی کے تمامتر کام لازمی طور پر ایک لائسنس یافتہ ماسٹر الیکٹریشین کے ذریعہ انجام دیے جانے چاہئیں۔ نا اہل شخص کا نیویارک شہر میں بجلی کا کام انجام دینا خطرناک اور غیر قانونی ہے۔

### مرحلہ 2 اپنا معائنہ کروائیں

- DOB- جب آپ کا لائسنس یافتہ ماسٹر الیکٹریشین اجازت نامے حاصل کر کے آپ کا نیا برقی آؤٹ ڈور ہیٹنگ سسٹم نصب کرنے کے لیے کام مکمل کر چکے گا تب وہ اگر اسے محفوظ اور مکمل سمجھیں گے تو آن کر سکتے ہیں۔ اگر چہ سسٹم کو آن کرنے کے لیے DOB کے معائنہ کے انتظار کی ضرورت نہیں ہے، ایک معائنہ بہر صورت ضروری ہے اور لازمی طور پر اسے انجام دیا جانا چاہیئے۔
- براہ کرم نوٹ کریں کہ جہاں کچھ چھوٹے موٹے برقی کام کے لیے DOB کے معائنے درکار نہیں ہیں، وہیں نئی وائرنگ اور آؤٹ لٹس کی تنصیب کے لیے معائنے درکار ہیں۔ مزید برآں، اگر نیا برقی پینل نصب کیا جاتا ہے تو پینل کو توانائی دینے سے قبل ایک بے قاعدہ برقی معائنہ درکار ہوتا ہے۔ تمام درکار معائنوں کے لیے، آپ کا الیکٹریشین DOB میں ایک رسمی معائنے کی درخواست دے سکتا ہے۔ ایک بار درخواست دینے کے بعد، DOB اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اس جگہ ایک انسپیکٹر بھیجے گا کہ آیا ہر چیز محفوظ اور ضابطے کے مطابق ہے ۔

### مرحلہ 3 اپنے ہیٹنگ سسٹم کو آن کرنا

- اب جب کہ برقی ہیٹنگ سسٹم درست طور پر نصب کیا جا چکا ہے اور معائنہ مکمل ہو چکا ہے، اور یوٹیلٹی کمپنی کی جانب سے گیس سروس چالو کی جا چکی ہے، آپ کے آؤٹ ڈور ہیٹنگ سسٹم کو آپ کے ریسٹوران کے عملے کی جانب سے آن کر کے آپریٹ کیا جا سکتا ہے۔
- قدرتی گیس سے چلنے والے ہیٹنگ سسٹم کا استعمال کرتے وقت ہمیشہ مینوفیکچرر کی ہدایات پر عمل کرنا یاد رکھیں، بشمول ہیٹرز کے رکھنے کے حوالے سے ہدایات اور یہ کہ انہیں مناسب انداز میں کیسے محفوظ رکھا جائے۔

## قدرتی گیس کے ہیٹنگ سسٹمز

ذیل میں درج آسان ہدایت نامہ خصوصی طور پر کھان پان کے کاروباروں کے ان مالکان کے لیے تیار کیا گیا ہے جنہیں آؤٹ ڈور ڈائننگ کے لیے قدرتی گیس سے چلنے والے ہیٹنگ سسٹمز نصب کرنے کے طریقے کے بارے میں ہدایات کی تلاش ہے۔ ایک مزید مفصل ہدایت نامہ ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ یاد رکھیں کہ NYC میں، قدرتی گیس سے چلنے والے ہیٹرز کی صرف سائیڈ واکس پر اجازت ہے۔ آپ کو انہیں سڑکوں پر منتقل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

### مرحلہ 1 ایک لائسنس یافتہ ماسٹر پلمبر کی خدمات حاصل کریں

- یہ اہم ترین مرحلہ ہے، اور اسے چھوڑا نہیں جا سکتا۔ اگر آپ آؤٹ ڈور ڈائننگ کے لیے قدرتی گیس سے چلنے والا ہیٹنگ سسٹم نصب کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو لازمی طور پر ایک لائسنس یافتہ ماسٹر پلمبر کی خدمات حاصل کرنی چاہئیں۔
- آؤٹ ڈور ڈائننگ کے لیے قدرتی گیس سے چلنے والے ہیٹرز نصب کرنے کے لیے، عمارت کے موجودہ قدرتی گیس کے پائپنگ سسٹم پر کام کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ اس کام کے لیے اجازت نامے درکار ہوتے ہیں، جو لائسنس یافتہ ماسٹر پلمبر کے ذریعہ حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ منظور شدہ LAA فائلنگ اور DOB کے کام کے اجازت نامے کے بغیر گیس کا کوئی کام انجام نہیں دیا جا سکتا۔
- ایک لائسنس یافتہ ماسٹر پلمبر کو، جو محکمہ عمارات کے مطابق اچھی مہارت رکھتا ہو، تمام متعلقہ ضوابط کا علم ہو گا، انہیں معلوم ہو گا کہ کس طرح درست اجازت نامے حاصل کیے جا سکتے ہیں، اور وہ نئے ہیٹنگ سسٹم کے لیے درکار گیس پلمبنگ کا کام انجام دے سکیں گے۔
- آپ محکمے کی عمارتوں کے معلوماتی نظام (BIS) کی ویب سائٹ ملاحظہ کر کے NYC میں موجود پلمبرز کے لائسنس کی حالت کی پڑتال کر سکتے ہیں۔
- نیویارک شہر میں گیس پلمبنگ کا تمام کام لازمی طور پر یا تو لائسنس یافتہ ماسٹر پلمبر یا پھر گیس کے کام کی اہلیتیں رکھنے والے شخص کے ذریعہ انجام دیا جانا چاہیئے۔ نیویارک شہر میں نااہل شخص کے ذریعہ گیس کا کام انجام دیا جانا خطرناک اور غیر قانونی ہے۔

**مرحلہ 2 اپنا معائنہ کروائیں**

- DOB - جب آپ کا لائسنس یافتہ ماسٹر پلمبر اجازت نامے حاصل کرنے کے بعد قدرتی گیس سے چلنے والے آپ کے نئے آؤٹ ڈور ہیٹنگ سسٹم نصب کرنے کے لیے کام مکمل کر چکے گا تب آپ کو DOB کی جانب سے کام کا معائنہ کروانے کی ضرورت ہو گی۔ آپ کا پلمبر DOB میں معائنے کی ایک رسمی درخواست دے سکتا ہے۔ اس درخواست کے بعد، DOB اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اس جگہ ایک انسپیکٹر بھیجے گا کہ آیا ہر چیز محفوظ اور ضابطے کے مطابق ہے۔
- FDNY - آپ کے DOB معائنے کے بعد، یہ یقینی بنانے کے لیے ایک اضافی FDNY کا معائنہ درکار ہوتا ہے کہ وہ کام NYC کے فائر کوڈ (NYC Fire Code) پر پورا اترتا ہے۔ آپ کا لائسنس یافتہ ماسٹر پلمبر یہ معائنہ بھی FDNY کے ساتھ مرتب کر سکتا ہے۔ قدرتی گیس سے چلنے والے اپنے نئے نصب کردہ ہیٹنگ سسٹم کو قانونی طور پر استعمال کرنے کے لیے FDNY سے FDNY کے اجازت نامے اور فٹنس سرٹیفیکیٹس (Certificates of Fitness) لازمی طور پر حاصل کیے جانے چاہئیں۔
- یوٹیلیٹی کمپنی – آپ کے تمام تر معائنے مکمل ہو جانے کے بعد، آپ کا لائسنس یافتہ ماسٹر پلمبر پھر آپ کی مقامی یوٹیلیٹی کمپنی کو کال کر سکتا ہے، جو آپ کے نئے قدرتی گیس سے چلنے والے ہیٹنگ سسٹم کے لیے گیس کی سروس کو آن کر سکیں گے۔

**مرحلہ 3 اپنا ہیٹنگ سسٹم آن کریں**

- اب جب کہ گیس ہیٹنگ سسٹم مناسب طور پر نصب ہو چکا ہے، اس کا معائنہ کیا جا چکا ہے، اور گیس کی سروس یوٹیلیٹی کمپنی کی جانب سے آن کی جا چکی ہے، آپ کے ریستوران کے عملے کی جانب سے آپ کے آؤٹ ڈور ہیٹنگ سسٹم کو آن کر کے چلایا جا سکتا ہے۔
- قدرتی گیس کے ہیٹنگ سسٹم کو استعمال کرتے وقت ہمیشہ مینوفیکچرر کی ہدایات پر عمل کرنا یاد رکھیں، بشمول ہیٹرز رکھنے کے حوالے سے ہدایات اور یہ کہ انہیں درست انداز میں کیسے محفوظ بنانا ہے۔



## پروپین ہیٹرز

پروپین ہیٹرز خود کفیل حرارتی اجزاء ہیں جو حرارت فراہم کرنے کے لیے ہیٹرز کے اندر موجود قابل تبدیلی پروپین گیس ٹینکس پر انحصار کرتے ہیں۔

ان ہیٹرز کے لیے DOB کے اجازت نامے یا معائنے درکار نہیں ہوتے، لیکن ان پر FDNY کے ضوابط کا اطلاق ہوتا ہے۔

NYC میں آؤٹ ڈور ڈائننگ کے لیے پروپین ہیٹرز کے استعمال کے بارے میں مفصل معلومات کے لیے براہ کرم FDNY کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

NYC Buildings